ایگل فلمز کا

शिकारी

شکاری

اداکاران

راگنی - اجیت
ہیلن

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

شنکاری فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

مانگی ہیں دعائیں ہم نے صنم
اس دل کو دھڑکنا آجائے
اک نظر عنایت ہو ہم پر
کچھ ہم کو بہکنا آجائے
تم ہم سے محبت کرتے ہو۔ یہ بات اگر تم کہہ دو کبھی
بھوؤں کو برسنا آجائے۔ بجلی کو چمکنا آجائے
مانگی ہیں ——
ہم پی کے شراب عشق اگر
محفل میں کسی دن آجائیں
ساقی کو بہکنا آجائے۔ ساغر کو چھلکنا آجائے
مانگی ہیں ——

گانا نمبر ۲:۔ باجے گھنگھرو چھن چھن چھن چھن چھن چھن
دل کی دھڑکن بنی سن سن سن سن
دل سے دیئے روشن ہوئے تیرے لئے
باجے گھنگھرو ——
بڑی بے تاب ہیں آنکھیں
اسی کو پیار کہتے ہیں

نظر کامل کے جھک جانا۔ اسے اقرار کہتے ہیں
نگاہوں کو نہ یوں روکو۔ جو ملتی ہیں تو ملنے دو
باجے گھنگھرو

خدا جب حسن دیتا ہے نزاکت آ ہی جاتی ہے
بدل جاتے ہیں تیور بھی شرارت آ ہی جاتی ہے
گھٹائیں سر جھکائیں گی۔ ذرا زلفیں بکھرنے دو
باجے گھنگھرو

گانا نمبر ۳:۔ چمن کے پھول بھی تجھ کو گلاب کہتے ہیں
ہمی نہیں ہیں سبھی لاجواب کہتے ہیں
لڑکی:۔ نظر ملا کے میرے دل کی بات پہچانو
تمہارے چہرے کو دل کی کتاب کہتے ہیں
ساز دل چھیڑ دیا ہے تو یہ نغمہ سن لو
بکھری بکھری ہیں میرے پیار کی کرنیں چن لو
لڑکا:۔ اسی کرن کو صنم
آفتاب کہتے ہیں

چشم حیران کی قسم زلف پریشان کی قسم
بانکے تو جان نہیں آج میری جان کی قسم
غضب کی بات ہے یہ کیا جناب کہتے ہیں
آج تک دیکھی نہیں ایسی بہکتی آنکھیں
ڈال دو مئے کے ان آنکھوں میں چھلکتی آنکھیں
سنبھل کے پینا اسے سب شراب کہتے ہیں

گانا نمبر ۲:- اگر میں پوچھوں جواب دو گے
یہ میرا دِل کیوں تڑپ رہا ہے
لڑکی:- تیرے بھی دِل میں ہے پیار کچھ کچھ
میرے بھی دِل میں ذرا ذرا ہے
لڑکا:- بُرا نہ مانو تو اپنے ہاتھوں
یہ بکھری زُلفیں سنوار دوں میں
حسین پلکوں کی چھاؤں میں اب
یہ سارا جیون گذار دوں میں
لڑکی:- یہ دِل کی باتیں نہ کوئی سُن لے
صنم زمانہ بُرا بُرا ہے
لڑکا:- اگر میں پوچھوں ـــ
لڑکی:- نظر بچا کے اگر میں جاؤں
تو میرا دامن نہ تھام لینا
کوئی جو پوچھے یہ کیا ہوا ہے
کبھی بھی میرا نہ نام لینا
لڑکا:- لگا کے دِل سے رکھیں گے ہم تو
یہ درد تیرا دِیا ہوا ہے
اگر میں پوچھوں ـــ
یہ ٹھنڈی ٹھنڈی مچلتی لہریں
ہمارے دِل کو جلا نہ ڈالیں
اُٹھے ہیں طوفان دل و نظر میں

کیسے بچائیں کیسے سنبھالیں

لڑکی :۔ نہ چین ہم کو نہ ہوش ہم کو

لڑکا :۔ یہ کیا ہوا ہے

لڑکی :۔ یہ کیا ہوا ہے

لڑکا :۔ اگر میں پوچھوں ——

گانا نمبر ۵ :۔

تم کو پیا دل دیا کتنے ناز سے

نین لڑ گئے بھولے بھالے

کیسے دغا باز سے

ہائے رے دہائی تیری چلی پیا

دھڑکے اناڑی جیا یہ کیا کیا

اڑی میں مر گئی لاج کے مارے

دیکھا کس انداز سے

تم کو پیا ——

لاگی نجریا نوری جادو بھری

مانگیں بہاریں ہم نے بجلی گری

دل کے سوئے ارمان جاگے

تیری ہی آواز سے

تم کو پیا ——

گانا نمبر ۶ :۔

یہ رنگین محفل گلابی گلابی

میرے دِل کا عالم شرابی
نظر سے نظر کی ملاقات دیکھی
اداؤں سے تیروں کی
برسات دیکھی
بہت دیکھے ہم نے دِل دینے والے
مگر تجھ میں ظالم
نئی بات دیکھی
دیکھ کر عمر بھر کی خوشی مل گئی
یہ رنگین محفل —
کسی سے کبھی پیار کر کے تو دیکھو
کبھی حسن والے پہ مر کے تو دیکھو
ہیں طوفان کے دامن میں
لاکھوں کنارے
شعلوں کا دریا
گزر کے تو دیکھو
اِک نئی بے نوری
اِک نئی روشنی
یہ رنگین محفل —

ختم شد

پُر اسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/6/-	فومینچو کا سایہ	1/4/.
" حصہ دوم	1/6/.	فومینچو کی بیٹی	1/4/.
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فومینچو	3/3/-
دھلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فومینچو کا انتقام	3/1/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھتری	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/6/-	دو دلدلیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/6/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/6/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا مینار	1/6/-	گردش دوراں	3/8/.
خونی چراغ	1/8/.	چلتا پرزہ	1/8/.

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/.

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

پامسٹری عرف خط تقدیر

بعلم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزاروں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھیے

قیمت صرف ۔/۔/۲ محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو لوگ پسند کرتے ہیں اتنی دوسری چیز کو نہیں اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لیے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۸/۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(سعود لیتھو پریس دہلی)